www.sgbauonline.com



## B.A. (Part—III) Examination
## (Modern Indian Language)
## URDU (Compulsory)

Time—Three Hours] [Maximum Marks—100

سوال نمبر ۱۔ مندرجہ ذیل میں سے چار سوالوں کے جواب لکھیے۔ 20

(۱) لیزر شعاع کی خصوصیات بیان کیجیے۔

(۲) لیزر شعاع اور عام روشنی میں کیا فرق ہے، بتائیے۔

(۳) آزادی سے قبل ہندوستان میں عورت کی سماجی حیثیت پر روشنی ڈالیے۔

(۴) دوسرے مذاہب کی بہ نسبت اسلام نے کس طرح عورت کو اہم مقام عطا کیا۔

(۵) تعلیم کے ذریعے وحشیانہ پن کس طرح دور ہو سکتا ہے۔

(۶) امریکہ کے حبشی غلام اپنی وفاداری کا ثبوت کس طرح دیتے تھے۔

(۷) انٹرنیٹ کے فائدے بیان کیجیے۔



www.sgbauonline.com

www.sgbauonline.com

(۸) سائبر اسپیس کیا ہے اس کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر ۲۔ مندرجہ ذیل میں سے چار بندوں کی تشریح کیجیے۔ 20

(۱) ساون میں دیا پھر مہ شوال دکھائی
برسات میں عید آئی قدح کش کی بن آئی
کرتا ہے ہلال ابروئے پرخم سے اشارہ
ساقی کو کہ بھر بادے سے کشتی طلائی

(۲) رکھتا ہے تو وہ دست سخا سامنے جس کے
ہے بحر بھی کشتی بکف از بہر گدائی
گم رہ کو ہدایت جو تری راہ پر لاوے
رہ زن بھی اگر ہو تو کرے رہ نمائی

(۳) نکتہ داں نکتہ سنج نکتہ شناس
پاک دل پاک ذات پاک صفات
شیخ اور بذلہ سنج شوخ مزاج
رند اور مجمع کرام وثقات



(۴) یاں اگر بزم تھی تو اس کی بزم
یاں اگر ذات تھی تو اس کی ذات
ایک روشن دماغ تھا نہ رہا
شہر میں اک چراغ تھا نہ رہا

(۵) بگڑی صفت مزاج سب سے
کہنے لگی جوشش غضب سے
طوطا صیاد نے اُڑایا
چڑیاں رہیں چپ، اڑیں خدایا

(۶) پہرے پہ یہ شجر کھڑے تھے
کانٹے رستے ہی میں پڑے تھے
سوسن کی زبان کیا تھی بے حس
کیا پھوٹ گئی تھی چشم نرگس

(۷) موم کی طرح جلتے رہے شہیدوں کے تن
رات بھر جھلملاتی رہی شمع صبح وطن
رات بھر جگمگاتا رہا چاند تاروں کا بن



www.sgbauonline.com

www.sgbauonline.com

تشنگی تھی مگر
تشنگی میں بھی سرشار تھے

(۸) ہم صحبت بے خرد پریشان رہا
نافہم سمجھا کے پشیمان رہا
تعلیم سے جاہل کی جہالت نہ گئی
نادان کو الٹا بھی تو نادان رہا

سوال نمبر۳۔ مندرجہ ذیل میں سے کوئی چار سوالوں کے جواب لکھیے۔ 20

(۱) فنِ خیال کو لکھنؤ میں کس طرح ترقی ہوئی بیان کیجیے۔

(۲) مولانا آزاد نے قید خانے میں عیش و عشرت کے سامان کیسے پیدا کر لیے، لکھیے۔

(۳) ضلع کسے کہتے ہیں لکھنؤ میں اس کی ترقی کو مثالوں کے ذریعے سمجھائیے۔

(۴) لکھنؤ کے گولڈن ایج کی خصوصیات بیان کیجیے۔

(۵) مولانا آزاد کا سب سے پر کیف وقت کونسا ہے اور کیوں؟



(۶) لکھنؤ کے عوام کس طرح پھبتی کے فن میں ماہر تھے۔

سوال نمبر۴۔ کسی ایک کا جواب لکھیے۔ 20

(۱) بچھو پھوپھی کا خلاصہ لکھیے۔

(۲) ''اعتراض'' اس عمل کو مصنف نے کس طرح سمجھایا؟

(۳) ''مرید پور کا پیر'' کا خلاصہ لکھیے۔

سوال نمبر ۵۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 20

(۱) میرا پسندیدہ شاعر

(۲) اردو ادب اور حب الوطنی

(۳) موبائل کے فائدے اور نقصانات

(۴) سیاست اور طالب علم

(۵) اردو کی ترقی میں اخبارات کا حصہ

☆☆☆



www.sgbauonline.com